© rasailojaraid.com

غزل

سید اختر علی تلہری

تو نہیں ہے تو بہارِ چمنستاں ہی سہی
میرے محبوب ترے حسن کا عنواں ہی سہی

ذوقِ نظارۂ گلشن تو ہے سرمستِ نشاط
بوئے گل محفلِ ہستی میں پریشاں ہی سہی

دل بھی جھک جائے جہاں، ہو وہی سجدے کی جگہ
درِ کعبہ نہ سہی، طاقِ شبستاں ہی سہی

میرے تاریک جہاں کو تو منور نہ کیا
آپ دنیا کے لئے نیّرِ تاباں ہی سہی

اے نگہبانِ چمن کچھ تو عطا ہو مجھکو
لالہ و گل نہ سہی خارِ مغیلاں ہی سہی

ہم صفیرو گل و گلزار مبارک ہو تمھیں
میری قسمت میں گلستاں نہیں زنداں ہی سہی

نگہِ نازمیں ان کی تو نہیں رنگِ کرم
آرزوئیں دلِ پرجوش میں رقصاں ہی سہی

اہلِ دل کے لئے یہ بھی ہے مداوائے الم
مرہمِ زخم نہیں ہے تو نمکداں ہی سہی

ذوقِ نظارۂ جلوہ ہو تو ہر سو ہے بہار
سیرِ گلشن نہ سہی سیرِ بیاباں ہی سہی

خوش منش رند ہیں اب دیر و حرم کی زینت
زاہدِ تنگ نظر کے لئے ناداں ہی سہی

دانشِ عصر ہے کیا ان کی روش پر خنداں
محرمِ راز تو ہیں چاکِ گریباں ہی سہی

تیرے سودائی کی وحشت کا نہیں کوئی علاج
لالہ و گل لیے دامن میں گلستاں ہی سہی

گریۂ و نالہ سے اور بدلے نظامِ عالم
تیرے اشکوں میں نہاں شورشِ طوفاں ہی سہی

دل تو گریاں ہے تباہیِ جہاں پر اپنا
یوں ترے سامنے اے دوست ہنساں ہی سہی

یہ مرے ذہن کی شوریدہ مزاجی اختر
اپنے ہی رنگ میں رنگتا ہے وہ یزداں ہی سہی

© rasailojaraid.com